# کم سن مریضوں کی فیملی کے لئے فنڈ
# شرائط وضوابط

**(نوزائیدہ اخراجات کا سابقہ فنڈ)**

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba
gov.scot

مارچ 2022

# کم سن مریضوں کی فیملی کے لئے فنڈ

مارچ 2022

**تاریخ اجراء: مارچ 2022**
**تیار کیا گیا بذریعہ: اسکاٹ لینڈ کی حکومت**
**ورژن: 2**

# مشمولات


| | | |
|---|---|---|
| 1. | اس دستاویز کے بارے میں | 3 |
| 2. | اہم اصطلاحات کی فرہنگ - تعریفات | 3 |
| 3. | تعارف | 3 |
| 4. | اصول | 3 |
| 5. | اخراجات کا دعوی کون کرسکتا ہے؟ | 4 |
| 6. | اخراجات کا دعوی کون نہیں کرسکتا ہے؟ | 4 |
| 7. | کن اخراجات کا دعوی کیا جاسکتا ہے | 5 |
| 8. | کن اخراجات کا دعوی نہیں کیا جاسکتا ہے؟ | 6 |
| 9. | غیر معمولی صورت حال | 6 |
| 10. | دعوی کرنا | 7 |
| 11. | استفسارات یا شکایات | 7 |

## 1. اس دستاویز کے بارے میں

اس دستاویز میں 26 جولائی 2021 سے کم سن مریضوں کی فیملی کے لئے فنڈ (YPFF) کے تحت اخراجات کے دعوی کے لئے شرائط و ضوابط شامل ہیں۔ یہ دستاویز فنڈ سے متعلق کام کرنے والے NHS کے عملہ (مثلا مالیاتی عملہ، نیونیٹل یونٹ کا عملہ، بچوں کے وارڈز کا عملہ، 18 سال سے کم عمر کے نوجوان مریضوں کی نگہداشت کرنے والے بالغ وارڈز کا عملہ) اور عام لوگ جو اس فنڈ کے تحت دعوی کرنا چاہتے ہیں کے لئے ہے۔

یہ YPFF کی تفصیلات بیان کرتا ہے۔ اس بات کویقینی بنانے کے لئے که دعوے فنڈ کی حدود کے اندر کئے گئے ہیں فنڈ کا انتظام کرنے والے اور اس کے تحت دعوی کرنے والے لوگوں کو اس دستاویز سے خود کو واقف کرانا چاہئے۔

## 2. اہم اصطلاحات کی فرہنگ - تعریفات

ہسپتال میں داخل نوجوان مریض - سے مراد کوئی ایسا نوزائیدہ، بچہ یا 18 سال کی عمر تک کا نوجوان شخص ہے جسے کسی ہسپتال میں عملہ کے دستاب بستر پر داخل کیا گیا ہو (خواہ انتخابی طور پر یا ہنگامی حالات میں) اور یا تو: خواہ اصل ارادہ رات بھر رہنے کا ہو؛ یا رات بھر رہنے کی توقع ہو لیکن پہلے ہی چھٹی دے دی گئی ہو۔

دعویدار – کوئی بھی شخص جو فنڈ کے تحت دعوی کرنا چاہتا ہو۔

نوزائیدہ/بچہ/18 سال کی عمر تک کا نوجوان شخص – اہل شیرخوار، بچہ یا نوجوان شخص جو ہسپتال کی نگہداشت میں زیر علاج ہو۔

اہل ملاقاتی – ہسپتال میں داخل کسی نوجوان مریض سے ملاقات کرنے والا جو کم سن مریضوں کی فیملی کے لئے فنڈ کے تحت دعوی کرنے کا اہل ہو یعنی والدین/اولین تیماردار یا 18 سال سے کم عمر کے بھائی بہن جو عموما اسکاٹ لینڈ کے شہری ہوں۔

والدین/اولین تیماردار – ہسپتال میں داخل کسی نوجوان مریض کے حیاتیاتی والدین یا ایک فرد جو، حالانکہ ہسپتال میں داخل نوجوان مریض کا حیاتیاتی والدین میں سے نہیں ہے، لیکن والدین کی ذمہ داری اٹھا رہا ہے جس کی بنیاد پر وہ ان کی دیکھ بھال اور پرورش کے لئے ذمہ دار ہے۔

متعلقہ ہیلتھ کیئر پروفیشنل – تیمارداری کرنے والے ہسپتال کا طبی عملہ۔

بھائی بہن – ہسپتال میں داخل کسی نوجوان مریض کا بھائی یا بہن۔ سوتیلے بھائی بہن بھی اس تعریف میں شامل ہیں۔

## 3. تعارف

کم سن مریضوں کی فیملی کے لئے فنڈ (سابقه نوزائیدہ اخراجات فنڈ (NEF) کی توسیع) جسے ہسپتال میں داخل 18 سال سے کم عمر کے نوجوان کے لئے ہسپتال آنے جانے کے اخراجات میں والدین/اولین تیماردار اور 18 سال سے کم عمر کے کسی بھی ہمراہی بھائی بہن کی معاونت کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

## 4. اصول

اخراجات کے دعووں کی ادائیگی کے وقت مندرجہ ذیل اصول لاگو کئے جائیں گے۔

a) کم سن مریضوں کی فیملی کے لئے فنڈ کو ہسپتال میں داخل مریضوں کی دیکھ بھال حاصل کرنے والے نوجوان مریض سے ملاقات کی لاگت میں امداد فراہم کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اس وقت کے دوران سفر، معاش اور/یا رہائش کی مکمل لاگت کو ہمیشہ پورا نہیں بھی کرسکتا ہے۔

b) ہسپتال میں داخل نوجوان مریض کے والدین/اولین تیماردار اور 18 سال سے کم عمر کے بھائی بہن فنڈ کے تحت دعوی کر سکتے ہیں۔

c) ہسپتال میں داخل مریض کی نگہداشت سے مراد کوئی ایسا بچہ یا نوجوان شخص ہے جسے کسی ہسپتال میں عملہ کے دستیاب بستر پر داخل کیا گیا ہو (خواہ انتخابی طور پر یا ہنگامی حالات میں) اور یا تو: چاہے اصل ارادہ رات بھر رہنے کا ہو؛ یا رات بھر رہنے کی توقع ہو لیکن پہلے ہی چھٹی دے دی گئی ہو۔

d) ہسپتال میں بدستور قیام (مثلاً ہفتہ وار) یا پورے قیام کے دوران، اس وارڈ سے چھٹی ملنے کے بعد جہاں بچہ یا نوجوان شخص جاری علاج حاصل کر رہا ہے، دعوے مکمل طور پر پیش کئے جا سکتے ہیں۔

e) دعویداروں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ سفر کی مجموعی لاگت کو مدنظر رکھتے ہوئے، ٹرانسپورٹ کے سب سے زیادہ کارگر اور واجبی ذرائع استعمال کریں۔

f) سفر کے سب سے زیادہ واجبی طریقہ کے بارے میں حتمی فیصلہ اس NHS بورڈ پر منحصر ہے جس کے تحت ہسپتال میں داخل مریض بچہ نگہداشت حاصل کر رہا ہے۔ یہ دعویدار کی ذمہ داری ہے کہ اگر انھیں کوئی شک ہے تو وہ سفر سے پہلے جانچ کر لیں۔

g) NHS بورڈز اہل ملاقات کرنے والوں کے لئے سفر اور/یا رہائش کی پہلے سے بکنگ کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ اس طرح کے معاملہ میں، اہل ملاقات کرنے والے الگ سے سفر اور/یا رہائش کی بکنگ کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

h) صرف حقیقی اخراجات کا دعوی کیا جا سکتا ہے۔ نہ ہونے والے اخراجات کا دعوی کرنا دھوکہ دہی ہے، اور دھوکہ دہی کے دعوے پیش کرنے والے کسی بھی شخص کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

i) تمام عوامی ٹرانسپورٹ، رہائش (جہاں ہسپتال کی جانب سے پیشگی میں بکنگ اور ادائیگی نہیں کی گئی ہے) اور پارکنگ کے لئے آئٹمائزڈ اخراجات کو ظاہر کرنے والی رسیدوں کی شکل میں ثبوت رکھا اور پیش کیا جانا چاہئے۔ معاش کے دعووں کے لئے رسیدوں کی ضرورت نہیں ہے۔

## 5. اخراجات کا دعوی کون کرسکتا ہے؟

دعوے کئے جاسکتے ہیں بذریعہ:

- اسکاٹ لینڈ کے ہسپتال میں نگہداشت حاصل کرنے والے مریض کے والدین/اولین تیماردار اور بھائی بہن (18 سال سے کم عمر)۔ تمام دعویداروں کو عام طور پر اسکاٹ لینڈ کا رہائشی ہونا چاہئے۔

## 6. اخراجات کا دعوی کون نہیں کرسکتا ہے؟

دعوے نہیں کئے جاسکتے ہیں:

- ایسے ملاقات کرنے والوں کے ذریعہ جو ہسپتال میں داخل کسی نوجوان مریض کے والدین/اولین تیماردار یا بھائی بہن (18 سال سے کم عمر) نہیں ہیں۔
- کسی بھی ایسے شخص کے ذریعہ جو 18 سال سے کم عمر کے کسی فرد کے ساتھ آؤٹ پیشنٹ نگہداشت حاصل کرنے کے لئے آتا ہے۔
- کسی بھی ایسے شخص کے ذریعہ جو عموما اسکاٹ لینڈ کا شہری نہ ہو۔
- کسی بھی ایسے شخص کے ذریعہ جو 26 جولائی 2021 سے پہلے ہوئے اخراجات کے لئے دعوی کرنا چاہتا ہو (نوٹ: ایسے بچوں کے والدین جو 26 جولائی سے پہلے نیونیٹل نگہداشت حاصل کر رہے تھے ابھی بھی سابقہ نوزائیدہ اخراجات فنڈ کے تحت متعلق بہ ماضی دعوے کرنے کے اہل ہوسکتے ہیں)۔

## 7. کن اخراجات کا دعوی کیا جاسکتا ہے

### 7.1 ٹرانسپورٹ

دعویداروں سے ٹرانسپورٹ کے سب سے زیادہ مؤثر لاگت اور واجبی ذرائع استعمال کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔
ایندھن کی لاگت میں امداد کی ادائیگی ہر دعویدار، اور 18 سال کی عمر تک کے کسی بھی ہمراہی بھائی بہن کے لئے، جب وہ ہسپتال کی طرف ایک ہی دن الگ الگ سفر کر رہے ہوں تو یومیہ ایک واپسی سفر بذریعہ کار کے لئے رائج مائلیج کی شرح فی میل* کے حساب سے کی جائے گی۔ اگر سبھی ایک ساتھ سفر کرتے ہیں، تو واپسی کے صرف ایک سفر کا دعوی کیا جانا چاہئے۔
[یا]
رسیدیں پیش کرنے پر ہر دعویدار کے لئے یومیہ واپسی کے ایک سفر تک کے لئے پبلک ٹرانسپورٹ کے مکمل اخراجات کی ادائیگی کی جاسکتی ہے۔ صرف معیاری کلاس کے سفر پر دوبارہ دعوی کیا جا سکتا ہے۔

*ادائیگی کی شرح HMRC فیول ایڈوائزری ریٹ پر مبنی ہے۔ اسے یہاں پایا جا سکتا ہے:
https://www.gov.uk/government/publications/advisory-fuel-rates. ہر مالی سال کے لئے بازادائیگی کی شرح کا تعین ہر سال 1 مارچ سے اگلے سال کے لئے ایڈوائزری فیول ریٹ کے ذریعہ کیا جائے گا۔ شرح کم ہونے کے ساتھ ساتھ زیادہ بھی ہوسکتی ہے۔

### 7.2 پارکنگ

کار پارکنگ کے مکمل اخراجات کے لئے رسید پیش کرنے پر دوبارہ دعوی کیا جاسکتا ہے۔
پارکنگ کے اخراجات سے استثنی فراہم کرنے کے لئے کچھ NHS بورڈز میں اجازت نامہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ عملہ مشورہ دے سکتا ہے کہ آیا اجازت نامہ دستیاب ہے یا دعویداروں کو رقم کی واپسی کے لئے دعوی کرنا چاہئے۔

### 7.3 ٹیکسی کے کرائے

ٹیکسی کے ذریعہ سفر کو آخری حربہ کے طور پر دیکھا جانا چاہئے اور بازادائیگی پر صرف مخصوص حالات، جیسے کہ عوامی ٹرانسپورٹ کی عدم دستیابی یا کسی ملاقات کرنے والے کی طبی صورت حال میں ہی غور کیا جائے گا۔ ٹیکسی کے ذریعہ سفر کو سفر کی شروعات سے پہلے طبی عملہ کے ذریعہ منظور شدہ ہونا چاہئے۔ جہاں منظور شدہ ہے، رسید پیش کرنے پر ٹیکسی کے سفر کے لئے یومیہ واپسی کے ایک سفر کے لئے مکمل ادائیگی کی جائے گی۔

### 7.4 ہوائی سفر

ہوائی سفر پر صرف اس صورت میں غور کیا جانا چاہئے جہاں یہ ٹرانسپورٹ کی دیگر اقسام کے مقابلہ ارزاں ہو یا جہاں ٹرانسپورٹ کی دوسری اقسام مناسب نہ ہوں (جیسے جزیرے سے مین لینڈ کا سفر)۔ فلائٹس کو سفر سے پہلے NHS بورڈ کے ذریعہ منظور شدہ ہونا چاہئے۔ منظور شدہ فلائٹس فی ہفتہ ہر اہل ملاقات کرنے والے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز زیادہ سے زیادہ واپسی کے ایک سفر تک محدود ہیں۔

### 7.5 کھانے اور معاش

کھانوں کا دعوی مندجہ ذیل ذرائع میں سے کسی **ایک** کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے:

- کھانے اور غیر الکحل مشروبات کے لئے فی اہل ملاقات پر یومیہ £8.50 کی حد تک کا تعاون جاری کیا جائے گا۔ اسے ہسپتال کے احاطے کے باہر خریدا جاسکتا ہے۔ کھانے کے اخراجات کی ادائیگی کے مقاصد کے لئے کسی رسید کی ضرورت نہیں ہے تاہم، دعویداروں کو صرف اس صورت میں جب اخراجات یومیہ £8.50 سے کم ہوں کھانے اور غیر الکحل مشروبات پر اپنے حقیقی اخراجات کے لئے دعوے جمع کرنا چاہئے۔ مثال کے طور پر، اگر کوئی دعویدار کھانے پر £5.50 خرچ کرتا ہے تو اسے صرف £5.50 کا دعوی کرنا چاہئے نہ کہ £8.50 کا۔

[یا]

- اہل ملاقات کرنے والوں کے لئے کھانوں کو براہ راست ہسپتال (مثال کے طور پر، اسٹاف کینٹین یا پیشنٹ میلز) کے ذریعہ مفت میں، یومیہ زیادہ سے زیادہ تین کھانوں تک فراہم کیا جاسکتا ہے۔

[یا]

- ہسپتال کینٹین یا اس کے مماثل جگہوں پر استعمال کئے جانے کے لئے کھانے کے ٹوکنز یا واؤچرز اہل ملاقاتیوں کو براہ راست فراہم کئے جاسکتے ہیں۔

آپ کے ہسپتال میں فراہمی سے متعلق مزید تفصیلات کو مقامی طور پر فراہم کیا جائے گا۔ اگر ہسپتال مفت میں کھانے یا کھانے کے ٹوکنز فراہم کرتا ہے تو اہل ملاقات کرنے والوں کو کھانے کے خرچ کا دعوی کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ تاہم، کسی ایسی صورت حال میں جہاں ہسپتال کھانوں کے لئے مالی ادائیگی یا ہسپتال کے مفت کھانے میں سے کوئی ایک فراہم کرسکتا ہے، وہاں اہل ملاقات کرنے والے فیصلہ کرسکتے ہیں کہ ان کے لئے کون سا انتخاب قابل ترجیح ہے۔

**7.6 رہائش**

اگر ضروری ہو تو NHS بورڈز کے پاس دعویداروں کے لئے رہائش دستیاب ہو سکتی ہیں اور ان تک پہلی فرصت میں ہی رسائی حاصل کی جانی چاہئے۔ کسی ایسے **غیر معمولی** صورت حال میں جس میں ہسپتال میں رہائش دستیاب نہیں ہو، تو رات بھر کی رہائش کے معقول اخراجات میں شراکت کی ادائیگی کی جائے گی۔ جہاں ممکن ہو، اسے ہیلتھ بورڈ کے ذریعہ پیشگی میں بک کیا جانا چاہئے۔ معقول کی تعریف سب سے زیادہ مؤثر بہ لاگت رہائش کے طور پر کی جاتی ہے۔

## 8. کن اخراجات کا دعوی نہیں کیا جاسکتا ہے؟

اس منصوبہ کے تحت مندرجہ ذیل کا دعوی نہیں کیا جاسکتا ہے:

a) کمائی کا نقصان۔
b) پارکنگ کے جرمانے۔
c) بچوں کی نگہداشت کے خرچے۔
d) کار کا کرایہ۔
e) فنڈ میں شامل اخراجات کے علاوہ ملاقات کرنے والوں کے خرچے۔
f) غیر رہائشی مریض کے اپوائنٹمنٹ کے اخراجات۔
g) الکحل والے مشروبات۔
h) 1 اپریل 2018 سے پہلے واقع ہوئے نیونیٹل اخراجات۔
i) 26 جولائی 2021 اور اس فنڈ کے قیام سے پہلے داخل نوجوان مریضوں کی عیادت سے وابستہ سفر، رہائش اور/یا گزارہ کے اخراجات۔ (یہ استثناء 26 جولائی 2021 سے پہلے نوزائیدہ نگہداشت حاصل کرنے والے بچوں کے والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں پر منطبق نہیں ہوتا ہے۔ ایسے افراد نوزائیدہ اخراجات فنڈ (Neonatal Expenses Fund) کے ذریعہ 26 جولائی 2021 تک جائز اخراجات کا دعوی ابھی بھی کر سکتے ہیں)۔

## 9. غیر معمولی صورت حال

**9.1 جڑواں اور متعدد بچے**

نوزائیدہ یا بچوں کی دیکھ بھال میں جڑواں یا متعدد بچوں کی صورت میں، جہاں وہ ایک ہی ہسپتال میں موجود ہوں، دعویدار ایک نوزائیدہ، بچہ یا نوجوان شخص کے شرائط کے تحت ہی فی دن ایک دعویٰ کرنے کے اہل ہیں۔ دعوی فارم کو دونوں نوزائیدہ، بچوں یا نوجوان شخص کی تفصیلات کے ساتھ مکمل کیا جانا چاہئے اور ہسپتال کے عملہ کے ذریعہ اس پر دستخط کیا جانا چاہئے۔

اگر جڑواں یا متعدد بچے مختلف ہسپتالوں میں موجود ہوں تو ہر نوزائیدہ، بچہ یا نوجوان شخص کے لئے ایک دعوی کیا جاسکتا ہے اور ہر ایک نوزائیدہ، بچہ یا نوجوان شخص کی نگہداشت کے یونٹ/وارڈ کے ذریعہ ایک فارم مکمل کیا جانا اور اس پر دستخط کیا جانا چاہئے۔

**9.2 ماتم**

اگر کوئی نوزائیدہ، بچہ یا کم عمر مریض ڈسچارج ہونے سے پہلے مر جاتا ہے، تو آپ پھر بھی ان کے ساتھ رہنے کی مدت میں خرچ ہونے والے اخراجات کا دعویٰ کر سکیں گے۔ آپ ہسپتال میں داخل نوجوان مریض کو مردہ خانہ، تجہیزوتکفین کے ڈائریکٹرز یا فیملی ہوم میں منتقل کرنے کے بعد ہونے والے کسی خرچ کے لئے دعویٰ نہیں کر سکیں گے۔

## 10. دعوی کرنا

دعووں کو اس NHS بورڈ میں کیا جانا چاہئے جہاں ہسپتال میں داخل نوجوان مریض کی دیکھ بھال کی جا رہی ہو۔ اگر ہسپتال میں داخل نوجوان مریض کو علاج کے دوران منتقل کیا جاتا ہے، تو فی ہسپتال نگہداشت کے ہر ایک ایپیسوڈ کے لئے الگ الگ دعوے کئے جانے اور متعلقہ ہسپتال کے عملہ کے ذریعہ دستخط کئے جانے چاہئے۔

*مثال کے طور پر: اگر آپ کے بچہ کی نگہداشت Glasgow کے ہسپتال میں ہو رہی ہے، تو دعوے کے فارمز پر NHS Greater Glasgow and Clyde کے وارڈ میں ہیلتھ پروفیشنل کے ذریعہ دستخط کیا جانا چاہئے اور پھر فارم کو NHS Greater Glasgow and Clyde میں کیش ٹیم کو واپس کیا جانا چاہئے۔ اگر بچہ کو بعد میں NHS Dumfries اور Galloway کے ہسپتال میں منتقل کیا جاتا ہے، تو اس کے بعد کے دعووں پر اس وارڈ کے ذریعہ دستخط کیا جانا چاہئے اور NHS Dumfries اور Galloway کو جمع کرایا جانا چاہئے۔*

### 10.1 دعوی کے فارمز

YPFF(1) دعوی کے فارمز وارڈز اور/یا کیش آفیسز کے ذریعہ حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ دعویداروں کو، پہلے مرحلے میں ہسپتال کے عملہ سے پوچھنا چاہئے کہ وہ دعوی فارمز کی ہارڈ کاپی کہاں سے حاصل کرسکتے ہیں۔ فارم کو ہسپتال میں داخل اہل نوجوان مریض کے دعویدار کے ذریعہ (یا اس کی جانب سے) مکمل کیا جانا چاہئے اور فارم پر موجود تفصیل کے مطابق اس پر دستخط اور تصدیق ہونا چاہئے۔ اس میں ایک موزوں ہیلتھ پروفیشنل کی تصدیق شامل ہے۔ اس میں شامل ہیں (لیکن ان تک محدود نہیں) نوزائیدہ ماہرین، نوزائیدہ نرسیں، ماہر اطفال، یا بچہ کی نگہداشت کے لئے ذمہ دار دیگر ہیلتھ پروفیشنل۔

### 10.2 استحقاق کا ثبوت

ان تمام صورتوں میں جہاں اخراجات کا دعویٰ کیا جاتا ہے YPFF(1) فارمز میں ہسپتال میں داخل نوجوان مریض کے داخلہ کی تاریخ/یں، وارڈ، اور کسی ہیلتھ پروفیشنل کے ذریعہ دستخط شدہ تصدیق (جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے) کی تفصیلات شامل ہونی چاہئیں کہ ہسپتال میں داخل نوجوان مریض دعوی کی مدت کے دوران وارڈ میں مقیم ہے/تھا۔ فارمز پر متعلقہ ہیلتھ کیئر پروفیشنل کے دستخط نہیں ہونے اور/یا ان میں مکمل معلومات نہیں ہونے کے نتیجہ میں دعووں میں تاخیر ہو سکتی ہے یا دعوے مسترد ہو سکتے ہیں۔

### 10.3 مشتبہ دھوکہ دہی کے دعوے

ایسی صورتوں میں جہاں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دعویدار نے جان بوجھ کر ایسے اخراجات میں مدد کے لئے درخواست دی ہے جس کے وہ حقدار نہیں ہیں تو معاملہ کاؤنٹر فراڈ سروسیز (Counter Fraud Services) کے حوالہ کردیا جائے گا۔ اگر کیشئرز کو شک ہو جائے کہ کوئی دعوی دھوکہ دہی کا ہے تو مزید جانچوں کے مکمل ہونے تک وہ نقد رقم میں اخراجات ادا کرنے سے انکار کر سکتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں دعویدار کو اپنے اخراجات وصول کرنے میں تاخیر ہوگی۔

### 10.4 سابقہ دعوے

دعوے ہسپتال میں داخل نوجوان مریض کو ہسپتال سے چھٹی ملنے کے تین مہینوں کے اندر اندر پیش کئے جانے چاہئیں۔ غیر معمولی حالات کے علاوہ اس وقت کے بعد کے دعووں کی ادائیگی پر غور نہیں کیا جائے گا۔ چھٹی ملنے سے پہلے موزوں عملہ کے ذریعہ فارم پر دستخط کیا جانا چاہئے۔ غیر معمولی حالات پر غور کرنے کے لئے دعوی ٹیم کے سامنے تحریری طور پر پیش کیا جانا چاہئے۔

## 11. استفسارات یا شکایات

کسی استفسار یا شکایت کی صورت میں، اسے اس ہسپتال کے کیشیئر کی طرف جہاں دعوی کیا جارہا ہے یا متعلقہ مالیاتی ٹیم کی طرف بھیجا جانا چاہئے۔

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba
gov.scot

© Crown حق اشاعت 2022

OGL

یہ اشاعت اوپن گورنمنٹ لائسنس (v3.0 ) کی شرائط کے تحت ہے سوائے اس کے جہاں بصورت دیگر بیان کیا گیا ہو۔ اس لائسنس کو دیکھنے کے لئے، ملاحظہ کریں **nationalarchives.gov.uk/doc/open-government-licence/version/3** یا انفارمیشن پالیسی ٹیم، دی نیشنل آرکائیوز، کیو، لندن (Information Policy Team, The National Archives, Kew, London TW9 4DU) کو لکھیں، یا ای میل کریں: **psi@nationalarchives.gsi.gov.uk**.

جس جگہ بھی ہم نے کسی تیسرے فریق کے حق اشاعت کی معلومات کی نشاندہی کی ہے وہاں پر آپ کو متعلقہ حق اشاعت کے مالکین سے اجازت لینے کی ضرورت ہوگی۔

یہ اشاعت دستیاب ہے **www.gov.scot**

اس اشاعت سے متعلق کسی بھی طرح کے استفسارات کو ہمیں مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجا جانا چاہئے

The Scottish Government
St Andrew's House
Edinburgh
EH1 3DG

ISBN: 978-1-80201-508-9 (صرف ویب)

اسکاٹ لینڈ کی حکومت کے ذریعہ شائع شدہ، مارچ 2022

APS گروپ اسکاٹ لینڈ، 21 Tennant Street, Edinburgh EH6 5NA کے ذریعہ اسکاٹ لینڈ کی حکومت کے لئے تیار کیا گیا
PPDAS960166 (03/22)